USAID
امریکی عوام کی طرف سے

University of
veterinary & Animal
Sciences Lahore

DRDF
Dairy and Rural
Development
Foundation

صحت

ڈیری پراجیکٹ

DAIRY PROJECT

صحت

Disclaimer

This publication is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). The views expressed in this publication are the authors' views and they do not necessarily reflect the opinion of USAID or the United States Government.

ISBN : 978-969-9170-03-4
نظر ثانی شدہ طباعت
اشاعت زیر اہتمام

ڈیری پراجیکٹ

صحت

مصنفہ: ڈاکٹر ثوبیہ ناہید
مصنف: پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال

بشکریہ : یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز
معاشرتی و دیہی ترقی بذریعہ لائیوسٹاک ڈویلپمنٹ و قرضہ جات (پراجیکٹ)
ایڈیٹر : شاذیہ اسلام

اس کتابچے کی کسی بھی قسم کی خرید و فروخت اور ترسیل
ادارے کی پیشگی اطلاع اور مرضی سے کی جا سکتی ہے۔

DRDF Dairy Project Office (PMU)
Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,
The Mall of Lahore, Cantt Lahore.
PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344
www.dairyproject.org
info@dairyproject.org

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
-1	صحت کیا ہے!	05
-2	صحت مند جانور کی علامات	05
-3	جانوروں کی صحت کے لیے مناسب اقدامات کی اہمیت	06
-4	جانوروں کے متوازی درجات	08

کتابچے کے مقاصد

اس کتابچے کا مقصد یہ ہے کہ تربیت کے بعد میٹرک پاس یا اس کے مساوی تعلیم یافتہ خواتین اس قابل ہو جائیں کہ وہ،

1- جانوروں کی صحت کے متعلق دیہی خواتین میں شعور پیدا کر سکیں اور ضروری معلومات اُن تک پہنچا سکیں۔

2- صحت مند جانور کو عملی طور پر پہچان سکیں۔

3- جانور کی صحت کے مختلف عوامل پر بحث کر سکیں۔

4- جانوروں کے متوازی درجات عملی طور پر معلوم کر سکیں۔

صحت کیا ہے!

جسمانی نظام کی دُرست اور نارمل کارکردگی کو ''صحت'' کہتے ہیں۔

صحت مند جانور کی علامات

1- صحت مند جانور ریوڑ میں مِل جُل کر رہتا ہے۔

2- کسی بیرونی محرک، جیسے آواز وغیرہ پر عمل کرتا اور چُست نظر آتا ہے۔

3- آواز اُونچی اور کَراری ہوتی ہے۔

4- جب گھاس یا دانہ ڈالا جائے تو شوق سے کھاتا ہے۔ جُگالی کرتے ہوئے منہ سے سفید جھاگ نکلنا صحت مند نظامِ ہضم کی علامت ہے۔

5۔ صحت مند جانور کی جِلد چمک دار اور بال کھڑے ہوتے ہیں۔

6- درجۂ حرارت، سانس کی رفتار اور نبض نارمل ہوتی ہے۔

7- صحت مند جانور کی آنکھوں میں چمک ہوتی ہے۔

8- پیشاب بے رنگ و بے بُو ہوتا ہے۔

9- چوٹ اور زخم موجود نہیں ہوتے۔

10- صحت مند جانور کے جسم پر بیرونی کیڑے نظر نہیں آتے۔

11- جانور چلنے میں کوئی دُشواری محسوس نہیں کرتا۔

12- صحت مند جانور کے دُودھ کی رنگت سفید ہوتی ہے۔

13- حوانے اور ٹانگوں کی ساخت نارمل ہوتی ہے۔

جانوروں کی صحت کے لئے مناسب اقدامات کی اہمیت

وہ تمام اقدامات جو مویشی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے میں مددگار ثابت ہوں، اختیار کرنے چاہئیں۔ یہ اقدامات مندرجہ ذیل ہیں :-

1- جانوروں کو متوازن اور صاف خوراک صحیح وقت پر مہیا کی جائے۔

2- چوبیس گھنٹے تازہ اور صاف پانی کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔

3- مناسب رہائش کا انتظام کیا جائے۔
4- فرش خشک، صاف اور ڈھلان میں ہونا چاہیے۔
5- باڑے میں جانور کُھلے چھوڑے جائیں۔
6- صفائی ستھرائی پر خاص توجہ دی جائے۔

7- کُھرلی اینٹوں اور کنکریٹ کی ہونی چاہیے۔
8- کوڑا کرکٹ اور گندگی منظّم طریقے سے تلف کی جائے۔
9- بیماریوں کے خلاف حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں۔

10- پانی کے تالاب ہر طرح کی آلودگی سے پاک ہونے چاہئیں۔

جانوروں کے متوازی درجات

درجۂ حرارت معلوم کرنا

مویشیوں کا درجۂ حرارت معلوم کرنے کے لیے تھرمامیٹر استعمال ہوتا ہے۔

طریقہ :

1- تھرمامیٹر کو بلب کے مخالف سرے سے پکڑ کر اچھی طرح جھٹکیں تاکہ پارہ کم سے کم درجے تک پہنچ جائے۔

2- تھرمامیٹر کے بلب والے سرے کو صابن یا پیٹرولیم جیلی سے ملائم کرلیں پھر اُسے گھماتے ہوئے جانور کے مقعد میں داخل کر دیں۔

3- تقریباً تین چوتھائی حصّہ مقعد والی نالی کے اندر ہونا چاہیے۔

4- صحیح درجۂ حرارت معلوم کرنے کے لیے تھرمامیٹر ایک منٹ تک مقعد کی دیوار کے ساتھ لگا کر رکھیں۔

5- باہر نکالنے کے بعد رُوئی کی مدد سے گوبر صاف کرکے پارے کی اچھی طرح ریڈنگ نوٹ کریں۔

نوٹ: اگر درجۂ حرارت لیتے وقت غلطی کا اندیشہ ہو تو اُوپر دیا گیا طریقہ دُہرائیں۔ اگر مقعد والی نالی میں فضلے کی زیادہ مقدار موجود ہو تو مادہ میں درجۂ حرارت فرج سے بھی لیا جا سکتا ہے، جو نارمل درجۂ حرارت سے 0.5 فیصد زیادہ ہو گا۔

یاد رکھیں !

مندرجہ ذیل نارمل حالتوں میں بھی جانور کا درجۂ حرارت بڑھ جاتا ہے :-

1- صبح کے وقت درجۂ حرارت میں کمی آ سکتی ہے جبکہ شام کو کچھ بڑھ سکتا ہے۔

2- خوراک کے بعد بھی درجۂ حرارت کچھ گھنٹوں کے لیے بڑھ سکتا ہے۔

3- مادہ جانوروں میں حمل کے دوران یا جنسی خواہش کے وقت درجۂ حرارت بڑھ جاتا ہے۔

4- زیادہ چلنے کے بعد بھی درجۂ حرارت بڑھ جاتا ہے۔

مختلف جانوروں کا درجۂ حرارت چیک کرنا

گائے / بھینس / گھوڑے / گدھے کا مقعد کے ذریعے

بھیڑ / بکری کا مقعد کے ذریعے

کتے / بلی کا مقعد کے ذریعے

نبض لینے کا طریقہ

مختلف مویشیوں میں نبض مختلف جگہوں سے محسوس کی جا سکتی ہے۔

1- گائے / بھینس میں دُم کے اگلے حصے کو پکڑ کر خون کی نالی سے نبض چیک کریں۔

2- گھوڑے میں چہرے کی خون کی نالی سے، جو اس کی آنکھ سے ذرا نیچے نتھنوں کے قریب ہوتی ہے، نبض چیک کریں۔

3- بھیڑ / بکری کی پچھلی ٹانگوں میں ران کے اندرونی حصے میں خون کی نالی سے نبض چیک کریں۔

نوٹ : نبض عموماً زیادہ موسمی درجۂ حرارت، ورزش اور حمل کے دوران بڑھ جاتی ہے۔

سانس چیک کرنے کا طریقہ

1- پسلیوں کی حرکت سے

نوٹ : زیادہ فربہ جانوروں میں، زیادہ خوراک کھانے کے بعد یا زیادہ موسمی درجۂ حرارت کے باعث سانس کی رفتار تیز ہو جاتی ہے۔

2- نتھنوں کے آگے ہاتھ رکھ کر

جانوروں کے جسم کے متوازی جسمانی درجات

جانور	درجہ حرارت (ڈگری فارن ہائیٹ)	نبض کی رفتار	سانس کی رفتار
گھوڑا	99.0-101.2	28-40 فی منٹ	8-12 فی منٹ
گائے	100.4-102.8	40-80 فی منٹ	16-22 فی منٹ
بھینس	99.0-102.8	40-45 فی منٹ	10-14 فی منٹ
بھیڑ	100.4-103.8	70-90 فی منٹ	15-20 فی منٹ
بکری	102.8-104.4	70-90 فی منٹ	20-25 فی منٹ
کُتا	100.4-102.4	60-100 فی منٹ	15-30 فی منٹ
بلی	100.4-102.4	100-120 فی منٹ	20-30 فی منٹ
مُرغی	105.0-107.4	128-160 فی منٹ	15-30 فی منٹ
اُونٹ	97.2-101.4	25-32 فی منٹ	5-12 فی منٹ

اہم نکات

بہتر تربیت، اعلیٰ ہنر اور آپ کی محنت
دے بہترین سہولیات اور خوشحالی کی ضمانت

تربیت کے فوائد اور مقاصد

- منتخب پراجیکٹ ایریا میں تربیت یافتہ دیہی خواتین کی بروقت اور بہتر بنیادی ایکسٹینشن خدمات جیسے دواؤں کی فروخت ویکسینیشن، بنیادی علاج معالجہ کے ذریعے مویشیوں کی صحت، پیداوار اور افزائش کو بہتر بنانا۔
- پراجیکٹ ایریا میں اچھے دودھ کی پیداوار میں مناسب حد تک اضافہ
- دیہی خواتین کو تکنیکی تربیت کے ذریعے مویشی بانی، ونڈا فروخت کرنا، دودھ اکٹھا کرنا، مرغبانی اور ڈیری سے متعلق دیگر چھوٹے کاروبار کرنے کے طریقے سکھانا تاکہ انہیں معاشی اعتبار سے خودمختار بنایا جاسکے۔
- لائیوسٹاک و ڈیری سیکٹر کی ترقی کے ذریعے گھرانوں کو معیاری خوراک کی فراہمی اور دیہی سطح پر مجموعی ترقی و خوشحالی میں اضافہ

DRDF Dairy Project Office (PMU)
Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,
The Mall of Lahore, Cantt Lahore.
PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344
www.dairyproject.org
info@dairyproject.org

Designed & Printed by GENERA 042 37586064